**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XI EXAMINATION**

**MAY 2012**

**Urdu Compulsory Paper I**

**Time allowed: 50 minutes Marks 40**


## ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 40 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔




**امیدوار کے دستخط**

5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

## پہلا جُز سمعی مہارتیں:

### ہدایات پر غور کیجیے:

اس جُز کا کل دورانیہ 25 منٹ ہے اور اس کے کل نمبر 20 ہیں، آپ کو دو اقتباسات سنائے جائیں گے۔ ہر اقتباس دوبار سنایا جائے گا۔ پہلے اقتباس نمبر 1 کو غور سے سنیں اور پھر اس اقتباس سے متعلق 10 سوالات کو پڑھیے۔ ان سوالات کو پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ ہوگا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 1 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر چار خانوں میں سے ایک صحیح خانے کو پُر کرکے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ کو 4 منٹ کا وقت دیا جائے گا اس کے فوراً بعد آپ اقتباس نمبر 2 سنیں گے اور اس کے بعد اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات کو پڑھنے کے لیے 2 منٹ کا وقفہ دیا جائے گا۔ اس کے بعد آپ اقتباس نمبر 2 دوبارہ سنیں گے اور اپنے جوابات جوابی ورق پر چار خانوں میں سے ایک صحیح خانے کو پُر کرکے دیں گے۔ اس اقتباس کے سوالات کو حل کرنے کے لیے آپ کو 4 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

### اقتباس نمبر 1 سے متعلق سوالات:

1۔ مصنّف کے بہ قول نومولود بچوں کے ناموں کے سلسلے میں کتنے ریڈیو اسٹیشن سے مدد ملتی ہے؟

A۔ دو

B۔ چار

C۔ چھے

D۔ آٹھ

2۔ پرانے زمانے میں کون سا مسئلہ درپیش نہیں ہوتا تھا؟

A۔ ناموں کا

B۔ بچوں کے ناموں کا

C۔ تاریخی ناموں کا

D۔ نئے ناموں کا

3۔ صریرِ خامہ کے درست معنی کیا ہیں؟

A۔ شب کا ایک حصّہ

B۔ خالص چاندی

C۔ وہ آواز جو لکھتے ہوئے قلم سے نکلے

D۔ سخت آواز

4۔ ہر کوئی بیٹی کا نام کیا رکھنا چاہتا ہے؟

A۔ سکینہ خاتون

B۔ رحمت بی بی

C۔ فاطمہ بیگم

D۔ نوائے سروش

5۔ سُبک تگین اور الپ تگین قواعد کے اعتبار سے کیا کہلائیں گے؟

A۔ ہم قافیہ الفاظ

B۔ ہم معنی الفاظ

C۔ متضاد الفاظ

D۔ مترادف الفاظ

6۔ مصنّف کی ''سرمگین'' نام تجویز کرنے کی وجہ کیا تھی؟

A۔ رنگ گوارا ہونا

B۔ رنگ کالا ہونا

C۔ رنگ نکھرا ہونا

D۔ رنگ بھورا ہونا

7۔ مصنّف کے دوست کو کن دو ناموں پر اعتراض تھا؟

A۔ بابر اور ہمایوں

B۔ عبد الغنی اور عبد الغفور

C۔ سُبک تگین اور الپ تگین

D۔ غمگین اور اندوہ گین

8۔ تخلّص سے کیا مراد ہے؟

A۔ خاندانی نام

B۔ شاعر کی پہچان کا نام

C۔ مذاق کا نام

D۔ پیار کا نام

9۔ دوست کا اطمینان کتنے ناموں پر ہوا؟

A۔ پہلے نام پر

B۔ انگریزی نام پر

C۔ دوسرے نام پر

D۔ کسی پر نہیں

10۔ مصنّف نے انگریزی کے کون سے حرفوں کے نام بتائے جن سے شہروں اور عہدوں کے ناموں کا سلسلہ بھی حل ہو جاتا ہے؟

A۔ A,B,W,Z

B۔ C,D,E,F

C۔ G,H,I,J

D۔ K,L,M,N

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ الٹیے**

**اقتباس نمبر 2 سے متعلق سوالات:**

11۔ کولا مشروبات کو لوگ کس چیز کا متبادل سمجھنے لگے ہیں؟

A۔ جُوس

B۔ شربت

C۔ آئس کریم

D۔ پانی

12۔ صحت مند اور ترو تازہ رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

A۔ ۸ سے ۱۰ گلاس پانی پینا چاہیے۔

B۔ ۸ سے ۱۰ گھنٹے آرام کرنا چاہیے۔

C۔ ۸ سے ۱۰ گھنٹے ورزش کرنا چاہیے۔

D۔ ۸ سے ۱۰ گھنٹے گہری نیند لینا چاہیے۔

13۔ پانی پینے سے سرطان کا مرض لاحق ہونے کے خطرات کتنے فی صد کم ہو جاتے ہیں؟

A۔ 25

B۔ 35

C۔ 45

D۔ 55

14۔ عبارت کے مطابق گوشت کا ٹکڑا کولا مشروب میں کتنے دن میں حل ہو جاتا ہے؟

A۔ دو

B۔ چار

C۔ چھے

D۔ آٹھ

15۔ کولا مشروب میں شامل ایسڈ کس چیز کی صفائی میں کام آتا ہے؟

A۔ گھڑی

B۔ برتن کی

C۔ کپڑے کی

D۔ گٹر کی

16۔ بمپر کی صفائی کے لیے کولا مشروب میں کس چیز کو بھگویا جاتا ہے؟

A۔ کپڑا

B۔ سفوف

C۔ ایلومینیم کی تھیلی

D۔ برقی مورچے

17۔ عبارت کے مطابق کولا مشروب ڈالنے سے کیا اُبل پڑتا ہے؟

A۔ گٹر

B۔ نالی

C۔ پانی

D۔ مَیل

18۔ عرصہ دراز تک بند رہنے والا تالا کھولنے کے لیے کیا استعمال کرنا چاہیے؟

A۔ کولا مشروب سے تر چابی

B۔ کولا مشروب سے تر کپڑا

C۔ کولا مشروب سے تر تار

D۔ کولا مشروب سے تر ایسڈ

19۔ سنی گئی عبارت کے مطابق انسانی ناخن کو گلانے کی صلاحیت کس کے اندر ہے؟

A۔ سفوف

B۔ فاسفورک ایسڈ

C۔ سیٹرک ایسڈ

D۔ کیڑے مار ادویات

20۔ سنی گئی عبارت کے مطابق ہندوستان میں فصلوں کے لیے کولا مشروبات کو استعمال کیا جاتا ہے

A۔ کیڑے مارنے کے لیے

B۔ پیداوار میں اضافے کے لیے

C۔ پانی کے متبادل کے طور پر

D۔ کھاد کے متبادل کے طور پر

**جب تک آپ سے کہا نہ جائے صفحہ نہ الٹیے**

**دوسرا جز: تفہیم عبارت خوانی:** اس حصّے کو مکمل کرنے کے لیے آپ کے پاس 25 منٹ ہیں۔

**پہلا اقتباس:**

جاپانیوں کے لیے تحفے کی رسم طرزِ حیات ہے بلکہ بمنزلہ مذہب کے ہے۔ ان کی ساری عمر اس شغلِ عزیز میں گزرتی ہے۔ اور بعض لوگ اس چکر میں دیوالیہ بھی ہو جاتے ہیں۔ اس صورتِ حال سے بچنے کی ایک ہی صورت ہے کہ بیچ میں کوئی بہانہ نکال کر تعلقات خراب کر لیجیے۔ تم اپنا منہ اِدھر کر لو ہم اپنا منہ اُدھر کر لیں۔

تحفے کے بارے میں ہمارا اپنا اصول وہ ہے جو پنڈت کیفی دہلوی نے اپنے ایک مصرع میں بیان کیا ہے۔

تم آؤ گے تو کیا لاؤ گے ہم آئے تو کیا دو گے ؟

پس جب جاپانی دوستوں سے ہمارا ربط ضبط شروع ہوا یعنی ان میں کچھ اصحاب آج سے سات سال پہلے ہمارے ہاں آئے تو دو تین تحفے بھی لائے۔ ہم نے رکھ لیے کہ ہاں بھئی ان کا فرض تھا۔ اتنی دور سے آئے ہیں تو کیا تحفے بھی نہ لاتے ؟

جاپانی مادّہ پرست لوگ ہیں اس لیے ان کے تحفے بھی مادّی قسم کے ہوتے ہیں۔ کوئی تصویر دے دی کوئی سکارف دے دیا، کوئی ریڈیو دے دیا۔ کوئی دن میں یہ چیزیں ٹوٹ پھوٹ کر یا گِھس گِھسا کر برابر ہو جاتی ہیں۔ اس کے مقابلے میں ہم، روحانیت اور جذبات کی دولت سے مال مال ہیں اس لیے کسی کو تحفہ بھی دیتے ہیں تو دل دیتے ہیں:

لو ہم تمھیں دل دیتے ہیں، کیا یاد کرو گے

یا پھر جان ہے، جس کو دیکھو قوم کے لیے جان قربان کرنے پر تلا ہوا ہے، ہم شاعر اور عشق پیشہ لوگ تو اپنے ساتھ دلوں کی پوٹلی رکھتے ہیں، جہاں اچھی صورت دیکھی ایک نکال کر ادھر پھینکی، لینے والا بھی خوش، دینے والا بھی خوش، پیسے الگ بچے۔ ہم چونکہ مصنّف بھی ہیں کبھی کبھی دل کے ساتھ کتاب بھی نذر کر دیتے ہیں۔ اس میں ہمارا فائدہ یہ ہے کہ کتاب کا ایڈیشن نکل جاتا ہے۔ ہماری ساری کتابوں کا پہلا ایڈیشن اسی طرح تو نکلا ہے۔ کتابیں خرید تا کون ہے؟

( ابن بطوطہ کے تعاقب میں۔ ابن انشا)

**پہلے اقتباس سے متعلق سوالات:**

21۔ درج بالا پڑھی گئی تحریر ادب کی کس صنف سے تعلق رکھتی ہے؟

A۔ سفر نامہ

B۔ افسانہ

C۔ ڈراما

D۔ داستان

22۔ جاپانیوں کی ساری عمر کن مشاغل میں گزرتی ہے؟

A۔ سفر کرنے میں

B۔ جُھک جُھک کے آداب کرنے میں

C۔ دیوالیہ ہونے میں

D۔ تحفے دینے میں

23۔ بہانہ بنا کر تعلقات خراب کرنے سے کیا ہوتا ہے؟

A۔ خرچے سے بچا جا سکتا ہے

B۔ اصلیت کھل جانے کا ڈر ہوتا ہے

C۔ مہنگائی سے بچ نکلنے کا ہنر آجاتا ہے

D۔ تعلق بہتر ہونے کا امکان بڑھ جاتا ہے

24۔ مصنّف کے بیان کردہ اصول میں کیا چھپا ہے؟

A۔ طنز

B۔ مزاح

C۔ خودغرضی

D۔ مطلب پرستی

25۔ تحفہ دینے سے بچنے کا کیا طریقہ ہے؟

A۔ سُستی

B۔ غربت و تنگ دستی

C۔ اچھے تعلقات کا قیام

D۔ تعلقات کی خرابی

26۔ مصنّف نے جاپانی قوم کے مادّہ پرست ہونے کا اندازہ کس بات سے لگایا؟

A۔ چیزوں کی مالیت سے

B۔ ربط ضبط سے

C۔ تحائف سے

D۔ طرزِ حیات سے

27۔ کیا مصنّف واقعی روحانیت کی دولت سے مالا مال نظر آتے ہیں؟

A۔ جی ہاں

B۔ تھوڑا بہت

C۔ قطعی نہیں

D۔ حد درجہ

28۔ قوم کے لیے ہر ایک کیا قربان کرنے پر تُلا ہوا ہے؟

A۔ وقت

B۔ نظریات

C۔ روپیہ

D۔ جان

29۔ شاعر اور عشق کرنے والے لوگ اپنے ساتھ کیا رکھتے ہیں؟

A۔ دلوں کی پوٹلی

B۔ روپوں کی پوٹلی

C۔ روٹی کی پوٹلی

D۔ کپڑوں کی پوٹلی

30۔ کتابوں کا پہلا ایڈیشن کس طرح نکلا؟

A۔ خرید کر

B۔ بیچ کر

C۔ دے کر

D۔ لے کر

**دوسرا اقتباس:**

ہم نے کالج میں تعلیم تو ضرور پائی اور رفتہ رفتہ بی۔ اے بھی پاس کر لیا۔ لیکن اس نصف صدی کے دوران میں جو کالج میں گزارنی پڑی، ہاسٹل میں داخل ہونے کی اجازت ہمیں صرف ایک ہی دفعہ ملی۔

خدا کا فضل ہم پر کب اور کس طرح ہوا۔ یہ سوال ایک داستان کا محتاج ہے۔ جب ہم نے انٹرنس پاس کیا تو مقامی اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب خاص طور پر مبارک باد دینے کے لیے آئے۔ قریبی رشتے داروں نے دعوتیں دیں۔ محلے والوں میں مٹھائی بانٹی گئی اور ہمارے گھر والوں پر یک لخت اس بات کا انکشاف ہوا کہ لڑکا جسے آج تک اپنے کوتاہ بینی کی وجہ سے ایک بے کار اور نالائق فرزند سمجھتے رہے تھے۔ دراصل لامحدود قابلیتوں کا مالک ہے۔ جس کی نشوونما پر بے شمار آنے والی نسلوں کی بہبود کا انحصار ہے۔ چنانچہ ہماری آئندہ زندگی کے متعلق طرح طرح کی تجویزوں پر غور کیا جانے لگا۔

تھرڈ ڈویژن میں پاس ہونے کی وجہ سے یونی ورسٹی نے ہم کو وظیفہ دینا مناسب نہ سمجھا۔ چونکہ ہمارے خاندان نے خدا کے فضل سے آج تک کبھی کسی کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلائے۔ اس لیے وظیفے کا نہ ملنا بھی خصوصاً ان رشتے داروں کے لیے جو رشتے کے لحاظ سے خاندان کے مضافات میں بستے تھے۔ فخر و مباہات کا باعث بن گیا۔ اور "مرکزی رشتے داروں" نے تو اس کو پاسِ وضع اور حفظِ مراتب سمجھ کر ممتحنوں کی شرافت و نجابت کو بے حد سراہا۔

بہر حال ہمارے خاندان میں فالتو روپے کی بہتات تھی۔ اس لیے بلا تکلف یہ فیصلہ کر لیا گیا کہ نہ صرف ہماری بلکہ ملک و قوم اور شاید بنی نوع انسان کی بہتری کے لیے ضروری ہے کہ ایسے ہونہار طالبِ علم کی تعلیم جاری رکھی جائے۔

اس بارے میں ہم سے بھی مشورہ لیا گیا۔ عمر بھر اس سے پہلے ہمارے کسی معاملے میں ہم سے رائے طلب نہ کی گئی تھی۔ لیکن اب تو حالات بہت مختلف تھے۔ اب تو ایک غیر جانب دار اور ایمان دار منصف یعنی یونی ورسٹی ہماری بیدار مغزی کی تصدیق کر چکی تھی۔ اب بھلا ہمیں کیوں کر نظر انداز کیا جا سکتا تھا۔ ہمارا مشورہ یہ تھا کہ فوراً ولایت بھیج دیا جائے۔ ہم نے مختلف لیڈروں کی تقریروں کے حوالے سے یہ ثابت کیا کہ ہندوستان کا طریقۂ تعلیم بہت ناقص ہے۔ اخبارات میں سے اشتہار دکھا دکھا کر یہ واضح کیا کہ ولایت میں کالج کی تعلیم کے ساتھ ساتھ فرصت کے اوقات میں بہت تھوڑی تھوڑی فیسیں دے کر بیک وقت جرنلزم، فوٹو گرافی، تصنیف و تالیف، دندان سازی، عینک سازی، ایجنٹوں کا کام، غرض کہ بے شمار مفید اور کم خرچ بالا نشین پیشے سیکھے جا سکتے ہیں۔ اور تھوڑے عرصے کے اندر انسان ہر فن مولا بن سکتا ہے۔ (پطرس بخاری)

**دوسرے اقتباس سے متعلق سوالات:**

31۔ پڑھی گئی عبارت مزاج کے اعتبار سے کیا ہے؟

A۔ مزاحیہ ہے
B۔ سنجیدہ ہے
C۔ المیہ ہے
D۔ فلسفیانہ ہے

32۔ صرف ایک دفعہ داخل ہونے کی اجازت کہاں ملی؟

A۔ ہاسٹل
B۔ کالج
C۔ اسکول
D۔ مدرسے

33۔ مصنّف کی کس بات کا گھر والوں پر یک لخت انکشاف ہوا؟

A۔ نالائقی کا

B۔ ہوشیاری کا

C۔ نکمّے پن کا

D۔ لامحدود قابلیتوں کا

34۔ پڑھی گئی عبارت میں "کوتاہ بینی" سے کیا مراد ہے؟

A۔ ناسمجھی

B۔ دانش مندی

C۔ معاملہ فہمی

D۔ خوش فہمی

35۔ یونی ورسٹی نے وظیفہ دینا کیوں مناسب نہ سمجھا؟

A۔ صرف پاس ہونے کی وجہ سے

B۔ فرسٹ ڈویژن کی وجہ سے

C۔ سیکنڈ ڈویژن کی وجہ سے

D۔ تھرڈ ڈویژن کی وجہ سے

36۔ "ہاتھ نہیں پھیلائے" کو قواعد کی رو سے کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ محاورہ

B۔ ضرب المثل

C۔ مرکب جملہ

D۔ کہاوت

37۔ خاندان میں کس چیز کی بہتات تھی؟

A۔ بوڑھوں کی

B۔ جوانوں کی

C۔ بچوں کی

D۔ روپوں کی

38۔ بیدار مغز کے کیا معنی ہیں؟

A۔ عالی دماغ

B۔ کُند ذہن

C۔ بے وقوف

D۔ کم عقل

39۔ ہندوستان میں کون سا طریقہ ناقص ہے؟

A۔ صفائی کا

B۔ تعلیم کا

C۔ صحت کا

D۔ انصاف کا

40۔ ہر فن مولا کسے کہتے ہیں؟

A۔ ہر قسم کا کام کرنے والے کو

B۔ فن کاری دکھانے والے کو

C۔ کام ادھورا چھوڑ دینے والے کو

D۔ کام وقت پر کرنے والے کو

اختتام

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work

# Please use this page for rough work